## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکن زوہیب کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حادثے میں ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن محمد زوہیب کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد زوہیب کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## سمندری پانی کو میٹھا بنانے کے منصوبے کا آغاز حق پرست قیادت کا بڑا کارنامہ ہے، ڈاکٹر عمران فاروق
## پاکستان کا پہلا ڈی سیلی نیشن پلانٹ ہوگا اور اس منصوبے پر 200 ملین یوایس ڈالر کی لاگت آئے گی
## سمندری پانی کو میٹھا بنانے کے منصوبے کے آغاز پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اور تمام حق پرست قیادت کو مبارکباد

لندن۔۔۔25 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کراچی کی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے سمندری پانی کو میٹھا بنانے کے منصوبے کے آغاز پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اور کراچی کی پوری حق پرست قیادت کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ کراچی کے شہریوں کیلئے پانی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے سمندری پانی کو میٹھا بنانے کا منصوبہ گزشتہ کئی دہائیوں سے صرف اخبارات کے کالموں، عوام کے تجزیوں اور مطالبات کی حد تک محدود تھا، ماضی کی شہری حکومت نے بھی اس پر کوئی توجہ نہیں دی لیکن سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نے اس منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کیلئے اس منصوبہ پر کام کا آغاز کردیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست قیادت کراچی کے عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور سمندری پانی کو میٹھا بنانے کے منصوبے کا آغاز حق پرست قیادت کا بڑا کارنامہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کا پہلا ڈی سیلی نیشن پلانٹ ہوگا جس میں جدید ترین ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی اور اس منصوبے پر 200 ملین یوایس ڈالر کی لاگت آئے گی۔اس منصوبہ کی تکمیل کے نتیجے میں یومیہ 50 ملین گیلن سمندری پانی کو میٹھا بنایا جاسکے گا۔ جو شہر کیلئے پانی کی ضرورت کو پورا کرنے میں بڑا مددگار رہوگا۔ ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ اس عظیم منصوبے پر کام کے آغاز پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اور کراچی کی پوری حق پرست قیادت زبردست مبارکباد کی مستحق ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی شہری حکومت کی حق پرست قیادت شہر کی تعمیر وترقی کیلئے جس طرح رات دن کوشاں ہے وہ عوام کے سامنے ہے اور انشاءاللہ آنے والے چند برسوں میں تعمیر وترقی کی بدولت کراچی کا نقشہ بدل جائے گا۔

## ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن یوسی 4 کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی سیکٹر یوسی 4 بن قاسم ٹاؤن کے کارکن مظفر آرائیں کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## جماعت اسلامی ہمیشہ لاشوں کی سیاست کرتی رہی ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## سندھ میڈیکل کالج اور جناح اسپتال میں جماعت اسلامی اور جمعیت کی غنڈہ گردی پر اظہار مذمت

کراچی ۔۔۔25، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے سندھ میڈیکل کالج اور جناح اسپتال میں جماعت اسلامی اور اس کی بغل بچہ طلباء تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کے مسلح دہشت گردوں کی غنڈہ گردی، تعلیمی امن تباہ کرنے اور مریضوں کو علاج ومعالجہ کی سہولت سے محروم رکھنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ہمیشہ لاشوں کی سیاست کرتی رہی ہے، اپنے مذموم مقاصد کے تحت کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرتی رہی ہے اور ایک مرتبہ پھر جماعت اسلامی کراچی دشمنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہر کا امن تباہ وبرباد کرنے کی گھناؤنی سازش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دنوں سے جماعت اسلامی نے سندھ میڈیکل کالج اور جناح اسپتال میں دہشت گردی اور غنڈہ گردی کا بازار گرم کررکھا ہے جس کے باعث ایک جانب تعلیمی ادارے کا امن تباہ کرکے طلباء کو حصول علم سے روکنے کی شرمناک کوشش کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب دہشت گردی اور غنڈہ گردی کے ذریعے جناح اسپتال میں ڈاکٹروں کو ان کے فرائض منصبی کی ادائیگی سے روکا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی اور جمعیت کے مسلح دہشت گرد غنڈہ گردی کے ذریعے بیرونی اور اسپتال میں زیرعلاج مریضوں کو علاج ومعالجہ کی سہولیات سے محروم کرکے عوام سے اپنی ازلی دشمنی کا مظاہرہ کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم اور مشیر داخلہ سندھ وسیم اختر سے مطالبہ کیا کہ سندھ میڈیکل کالج اور جناح اسپتال میں جماعت اسلامی اور جمعیت کے مسلح دہشت گردوں کی غنڈہ گردی کا فوری نوٹس لیا جائے، کالج کا تعلیمی امن تباہ کرنے اور مریضوں کو علاج ومعالجہ کی سہولت سے محروم رکھنے والے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## پنجاب میں ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے فروغ پارہا ہے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی ۔۔۔25، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ لاہور میں ہونے والے ایم کیوایم پنجاب ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی حق پرستوں کی فتح اور اس بات کا ثبوت ہے کہ پنجاب میں ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے فروغ پارہا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام روکنے اور عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کیلئے پنجاب سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے خلاف بڑے پیانے پر منفی پروپیگنڈا کیا گیا لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈے کے اثرات زائل ہورہے ہیں اور عوام جوق درجوق ایم کیوایم کی جانب راغب ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے کارکنان کے پرعزم حوصلے اس بات کی جانب اشارہ کررہے ہیں بہت جلد صوبہ سندھ کی طرح پنجاب بھی حق پرستی کا پیغام پھیل رہا ہے اور انشاءاللہ بہت جلد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوجائے گا۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے پنجاب ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد بھی پیش کی۔

☆☆☆☆☆